**Lucky Core Industries Limited**
5 West Wharf, Karachi 74000

T +92 21 3231 3717-22
UAN 111 100 200

www.luckycore.com

LUCKY CORE INDUSTRIES

## نیوز ریلیز

# لکی کور انڈسٹریز نے 30 جون 2024 کو ختم ہونے والے سال کے نتائج کا اعلان کر دیا؛ 330% حتمی نقد منافع منقسمہ (ڈیویڈنڈ) کا اعلان

## ''ایل سی آئی''...ایک بہتر کل کی تشکیل کے لیے کوشاں

**کراچی، 07 اگست 2024**

بورڈ آف ڈائریکٹرز کے اجلاس کے بعد لکی کور انڈسٹریز لمیٹڈ (''کمپنی'') نے 30 جون 2024 کو ختم ہونے والے سال کے مالی نتائج کا اعلان کر دیا ہے۔

## مالیاتی جھلکیاں

- کمپنی نے تمام کلیدی اشاریوں میں مستحکم ترقی ظاہر کی ہے۔ مربوط بنیاد پر (بشمول کمپنی کے ماتحت ادارے لکی کور پاورجن لمیٹڈ کے نتائج) کمپنی نے زیر جائزہ سال کے دوران 120,635 ملین روپے کی خالص مجموعی فروخت ظاہر کی ہے، جو گزشتہ سال کے اسی عرصے (SPLY) کے مقابلے میں 10 فیصد اضافے کی نشاندہی کرتی ہے۔
- مجموعی آپریٹنگ نتائج 17,254 ملین روپے رہے، جو گزشتہ سال کے اسی عرصے کے مقابلے میں 17 فیصد زیادہ ہیں۔
- مجموعی بنیادوں پر زیر جائزہ سال کے لیے 11,163 ملین روپے کا بعد از ٹیکس منافع (PAT) گزشتہ سال کے اسی عرصے کے مقابلے میں 37 فیصد کم ہے، جبکہ ہولڈنگ کمپنی کے مالکان سے منسوب 120.73 روپے فی شیئر آمدنی (EPS) گزشتہ سال کے اسی عرصے کے مقابلے میں 37 فیصد کم ہے۔ گزشتہ سال کے اسی عرصے میں نیوٹری کومورینا گا (پرائیویٹ) لمیٹڈ کے حصص کی جزوی فروخت سے ایک ہی بار حاصل ہونے والے منافع کے اثرات کو چھوڑ کر، ہولڈنگ کمپنی کے مالکان سے منسوب منافع بعد از ٹیکس اور فی شیئر آمدنی بالترتیب 37 فیصد اور 41 فیصد زیادہ ہوتے۔
- انفرادی بنیادوں پر، زیر جائزہ سال کے لیے منافع بعد از ٹیکس اور فی شیئر آمدنی بالترتیب 11,140 ملین روپے اور 120.62 روپے کے حساب سے گزشتہ سال کے اسی عرصے کے مقابلے میں 19 فیصد کم ہیں۔ گزشتہ سال کے اسی عرصے میں نیوٹری کومورینا گا (پرائیویٹ) لمیٹڈ کے حصص کی جزوی فروخت سے ایک ہی بار حاصل ہونے والے منافع کے اثرات کو چھوڑ کر، منافع بعد از ٹیکس اور فی شیئر آمدنی 41 فیصد زیادہ ہوتی، جس کی بنیادی وجہ بہتر آپریٹنگ نتائج اور قلیل مدتی سرمایہ کاری سے حاصل ہونے والی دیگر آمدنی ہے۔

بورڈ آف ڈائریکٹرز نے 30 جون 2024ء کو ختم ہونے والے مالی سال کے لیے 330 فیصد (یعنی 10 روپے والے ہر حصص پر 33 روپے) کی شرح سے حتمی نقد منافع دینے کی تجویز دی ہے۔ یہ 270 فیصد عبوری نقد منافع (یعنی 27 روپے فی حصص) کے علاوہ ہے جو پہلے ہی ادا کیا جا چکا ہے۔

نتائج کے اعلان کے بعد ایل سی آئی کے چیف ایگزیکٹو آصف جمعہ نے کہا ''اس مالی سال کے دوران مشکل معاشی حالات سے گزرنے کے باوجود لکی کور انڈسٹریز لمیٹڈ نے قابل ذکر لچک اور ترقی کا مظاہرہ کیا ہے۔ بہترین کارکردگی اور آگے کی سوچ کی حکمت عملی پر ہماری مستقل توجہ نے متنوع کاروباری شعبوں میں اہم کامیابیاں حاصل کی ہیں، جس سے 'زندگیوں کو بہتر بنانے' کے ہمارے مشن کو تقویت ملی ہے۔ ہم آگے بڑھنے کے ساتھ خود کو اسٹیک ہولڈرز کے لئے قدر میں اضافہ کرنے اور خوشحال مستقبل کی تشکیل کے لئے وقف کیے ہوئے ہیں۔''

## لکی کور انڈسٹریز لمیٹڈ کے بارے میں:

لکی کور انڈسٹریز لمیٹڈ پاکستان میں قائم ایک معروف مینوفیکچرنگ اور ٹریڈنگ کمپنی ہے جو متنوع کاروبار پر مشتمل ہے، جس میں پولیسٹر، سوڈا ایش، کیمیکلز، ایگری سائنسز، فارماسیوٹیکلز اور انیمل ہیلتھ شامل ہیں۔ ان کاروباروں کے ذریعے کمپنی پولیسٹر اسٹیپل فائبر (PSF)، سوڈا ایش، جنرل اور اسپیشلٹی کیمیکلز، فارماسیوٹیکل، نیوٹراسوٹیکل، انیمل ہیلتھ پراڈکٹس اور زرعی مصنوعات (بشمول کیمیکلز، فیلڈ کراپ بیج، سبزیوں کے بیج اور مزید بہت کچھ) سمیت مصنوعات کی ایک وسیع رینج تیار اور ان کی تجارت کرتی ہے۔ نیوٹریشن کے شعبے میں کمپنی سے وابستہ ذیلی کمپنی نیوٹری کومورینا گا (پرائیویٹ) لمیٹڈ مقامی طور پر مورینا گا ملک انڈسٹری کمپنی لمیٹڈ، جاپان کی مصنوعات پاکستان میں تیار، درآمد، مارکیٹ اور تقسیم کرتی ہے۔

لکی کور انڈسٹریز لمیٹڈ یونس برادرز گروپ (YBG) کا حصہ ہے، جو سب سے زیادہ تیزی سے ترقی کرنے والے اور نمو پذیر پاکستانی گروپوں میں سے ایک ہے، جس کے کاروبار کا وسیع پورٹ فولیو ہے، جس میں درج ذیل شامل ہیں، تاہم یہ صرف انہی تک محدود نہیں: سیمنٹ، ٹیکسٹائلز، پاور جنریشن اور کموڈیٹی ٹریڈنگ۔

مزید معلومات کے لیے، براہ مہربانی رابطہ کریں:

**لیلیٰ بھاٹیہ باوانی**
کمپنی سیکرٹری

لکی کور انڈسٹریز لمیٹڈ
021-111-100-200
Laila.Bawani@luckycore.com

**Safe Harbor Statement**

This press release may contain statements, which address such key issues as Lucky Core Industries' growth strategy, future financial results, market positions, product development, products in the pipeline, and product approvals. Such statements should be carefully considered, and it should be understood that many factors could cause forecasted and actual results to differ from these statements. These factors include but are not limited to, price fluctuations, currency fluctuations, developments in raw material and personnel costs, pensions, physical and environmental risks, legal issues, and legislative, fiscal, and other regulatory measures. Stated competitive positions are based on management estimates supported by information provided by specialised external agencies. For a more comprehensive discussion of the risk factors affecting our business please see our latest Annual Report, a copy of which can be found on the Company's corporate website **www.luckycore.com.**

YBG